# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ثانوی تعلیم اساتذہ)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2۔ کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری (Plagiarism) پالیسی" کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس : تدریسات اُردو (6509)
سطح : ماسٹر آف ایجوکیشن

سمسٹر: خزاں، 2013ء
کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔
ہر سوال کے مساوی نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1- اردو زبان کی بول چال اور تحریر دونوں اہم ہیں۔ نیز اردو کے لیے کون سا طریقہ تدریس وضع کیا جاتا ہے مفصل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- درسی متن کی وضاحت کیجیے۔ نیز درسی متن کی ضرورت و اہمیت اپنے الفاظ میں تحریر کرتے ہوئے وضاحت کیجیے کہ درسی متن کو ماحول اور ضروریات کے مطابق ہونا چاہیے (20)

سوال نمبر 3- روایتی سبقی ڈیزائن اور جدید سبقی ڈیزائن کا تقابلی جائزہ تحریر کیجیے۔ آپ کے خیال میں اردو کے استاد کو کون سا سبقی ڈیزائن اختیار کرنا چاہیے؟ (20)

سوال نمبر 4- لکھنا سکھانے کے تدریسی طریقوں کو قلم بند کرتے ہوئے لکھنا سکھانے کے تدریسی طریقوں کو ملا کر اپنا انفرادی طریقہ تدریس وضع کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- جدید اردو قاعدوں میں بامعنی تدریس سے کیا مراد ہے؟ نیز لکھنا سکھانے میں ان سے کیسے مدد لی جا سکتی ہے مضمون کی صورت میں تحریر کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5-9)

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

ہر سوال کے مساوی نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1- تمام طریقہ ہائے تدریس کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے چیدہ چیدہ نقاط کی وضاحت کیجیے اور آپ کی نظر میں ان میں سے کون سا طریقہ اردو میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور کیوں؟ مثالوں اور دلائل سے واضح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2- نظم کی تدریس کو مؤثر بنانے کے لیے سمعی و بصری معاونات سے مدد لی جانی چاہیے۔ جواب کی وضاحت ذاتی تجربات کی روشنی میں کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- خوش خوانی میں درست تلفظ، رموز و اوقاف کا خیال، مناسب لب و لہجہ، آواز کی روانی و آواز کا زیر و بم اور وزن شامل ہیں۔ بذریعہ امثال وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- انشاء پردازی کی خصوصی تدلیس کے نکات تحریر کرتے ہوئے مضمون پر مبنی آزمائش و معروضی قسم کی آزمائش کی خوبیاں اور خامیاں اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5- آپ کی نظر میں تدریس اردو کمپیوٹر کے ذریعے زیادہ مؤثر ہو سکتی ہے وضاحت کرتے ہوئے اسے سرچ انجن جو آپ کو تدریس اردو میں موزوں مواد کے انتخاب میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں تحریر کیجیے۔ (20)